Series : 2LKNM

SET ~ 4

Q.P. کوڈ

Q.P. Code **5A**

رول نمبر

Roll No.

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

**نوٹ:**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 11 ہے۔

(II) سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔

(III) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 18 ہے۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**

(V) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

{}

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر : 80

*Maximum Marks : **80***

**عام ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصّے ہیں جن میں **18** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) **حصہ-الف** : 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ-ب** : 'تحریری مہارت' کے حوالے سے **25** نمبر کا ہے۔

(iv) **حصہ-ج** : 'عملی قواعد' کے حوالے سے **20** نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ-د** : 'ادب' کے حوالے سے **15** نمبر کا ہے۔

(vi) ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **Four** Sections and **18** Questions.

(ii) **Section – A** : "Reading and Comprehension" carries **20** marks.

(iii) **Section – B** : "Writing Skill" carries **25** marks.

(iv) **Section – C** : "Functional Grammar" carries **20** marks.

(v) **Section – D** : "Literature" carries **15** marks.

(vi) Write answers as per the instructions.

## حصہ – الف: عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION – A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

جس بات کو اچھی طرح سمجھنا ہے وہ اُس ہندوستانیت کی نشو و نما ہے، جو ہندو مسلمانوں کے اختلاط سے پیدا ہو رہی تھی۔ اس تہذیب نے کبیر، گرو نانک، اکبر، خانخاناں، داؤ دیال، وید ویاس، تان سین اور دارا شکوہ پیدا کیے۔ اس نے ہند اسلامی طرزِ تعمیر، موسیقی اور مصوّری کو جنم دیا اور ایک نئی آریائی زبان کی تخلیق کی، اس زبان کو ہندوستانی کہا جاتا ہے۔ اس نے ہندوستانی تہذیب کی روح اپنے اندر جذب کی تھی اور پہلی مرتبہ ملک نے لسانی اتحاد کی طرف قدم بڑھائے تھے۔ یہ تاریخی اور سماجی ارتقا کے تقاضوں کو پورا کر رہی تھی۔ اس لیے ہندو اور مسلمان دونوں اس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اسی کی ایک شکل کا نام اردو ہے۔ اس زبان کے یا اس میں پیدا ہونے والے سرمائے کے لیے بدیشی یا غیر ملکی کا لفظ استعمال کرنا تاریخِ تمدّن سے ناواقفیت کی دلیل ہی نہیں بلکہ بد مذاقی اور بے انصافی بھی ہے۔ زبان اسی وقت مذہبوں سے متعلق کی جا سکتی ہے جب ذہن بیمار ہو اور نظر پر تعصّب اور فرقہ پرستی کے جذبات نے پردے ڈال دیے ہوں۔

(i) ہندو مسلمانوں کے ملنے جلنے سے جو زبان پیدا ہو رہی تھی، اسے کیا کہا جاتا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب لکھیے:

(A) تہذیبی (B) آریائی

(C) ہندوستانی (D) ہنداسلامی

(ii) اردو زبان کے یا اس میں پیدا ہونے والے سرمائے کے لیے بدیشی یا غیر ملکی کا لفظ استعمال کرنا، کیا ہے؟

(A) تاریخِ تمدّن سے ناواقفیت (B) بدمذاقی

(C) بے انصافی (D) یہ تینوں

(iii) لفظ 'اختلاط' کے کیا معنی ہیں؟ (ایک لفظ میں جواب دیجیے)

(iv) اس ملی جلی تہذیب نے کس کس کو پیدا کیا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے۔)

(v) زبان کس وقت مذہبوں سے متعلق کی جاسکتی ہے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے۔)

2. مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

جاگو سونے والو جاگو وقت کے کھونے والو جاگو
باغ میں چڑیاں بول رہی ہیں کلیاں آنکھیں کھول رہی ہیں
پھول خوشی سے جھوم رہے ہیں پتّوں کا منہ چوم رہے ہیں
جاگ اٹھے دریا اور نہریں جاگ اُٹھیں موجیں اور لہریں
ناؤ چلانے والے جاگے پار لگانے والے جاگے
ساری دنیا جاگ رہی کام کی جانب بھاگ رہی
لکھنے پڑھنے والو جاگو پھولنے بڑھنے والو جاگو
صبح کا سونا خوب نہیں ہے اچھا یہ اسلوب نہیں ہے

(i) شاعر نے ''وقت کے کھونے والو'' کسے کہا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے:

(A) رات کو سونے والوں کو (B) صبح کو سونے والوں کو

(C) ناؤ چلانے والوں کو (D) لکھنے پڑھنے والوں کو

(ii) نظم کے کن شعروں میں پانی کی سر گرمیوں کا ذکر آیا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے:

(A) پہلے اور دوسرے (B) دوسرے اور تیسرے

(C) تیسرے اور چوتھے (D) چوتھے اور پانچویں

(iii) پھولوں کے جھومنے کی کیا وجہ ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) صبح کے وقت باغ میں کیا کیا ہو رہا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) نظم کے آخر میں شاعر نے کیا نصیحت کی ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

3. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے: **5 × 1 = 5**

بھولا بھی جانتا تھا کہ میں نے اُس کی ایسی بات کبھی برداشت نہیں کی۔ میں ہمیشہ اس سے یہی سننے کا عادی تھا کہ ''بھولا بابا جی کا ہے، ماتاجی کا نہیں''۔ مگر اُس دن ہلوں کو کندھے پر اُٹھا کر چھ میل تک لے جانے اور پیدل ہی واپس آنے کی وجہ سے میں بہت تھک گیا تھا۔ شاید میں اتنا نہ تھکتا اگر میرا نیا جوتا ایڑی کو نہ دباتا اور اس وجہ سے میرے پاؤں میں ٹیسیں نہ اٹھتیں۔ اس غیر معمولی تھکن کے باعث میں نے بھولے کی وہ بات بھی برداشت کی۔ میں آسمان میں ستاروں کو دیکھنے لگا۔ آسمان کے جنوبی گوشے میں ایک ستارہ مشعل کی طرح روشن تھا۔ غور سے دیکھنے پر وہ مدھم ہونے لگا۔ میں اونگھتے اونگھتے سو گیا۔

صبح ہوتے ہی میرے دل میں خیال آیا کہ بھولا سوچتا ہوگا کہ کل رات بابا نے میری بات کس طرح برداشت کی؟ میں اس خیال سے لرز گیا کہ بھولے کے دل میں کہیں یہ خیال نہ آیا ہو کہ اب بابا میری پروا نہیں کرتے۔ شاید یہی وجہ تھی کہ صبح کے وقت اس نے میری گود میں آنے سے انکار کر دیا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

(A) بھولا (B) نیا قانون

(C) بھیک (D) آزمائش

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے؟ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) سعادت حسن منٹو

(C) حیات اللہ انصاری (D) محمد مجیب

(iii) اس سبق کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے۔)

(iv) مصنف کس وجہ سے تھک گیا تھا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے۔)

(v) صبح ہوتے ہی مصنف کے دل میں کیا خیال آیا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے۔)

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں مستانہ ہوائیں آتی ہیں؟

کیا اب بھی وہاں کے پربت پر گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں؟

کیا اب بھی وہاں کی برکھائیں ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں؟

او دیس سے آنے والے بتا!

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا شام پڑے گلیوں میں وہی دلچسپ اندھیرا ہوتا ہے؟

اور سڑکوں کی دھندلی شمعوں پر سایوں کا بسیرا ہوتا ہے

باغوں کی گھنیری شاخوں میں جس طرح سویرا ہوتا ہے

او دیس سے آنے والے بتا!

(i) مندرجہ بالا اشعار ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔)

(A) غزل (B) رباعی

(C) خاکہ (D) نظم

(ii) اس اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔)

(A) اکبرؔ الہ آبادی (B) محمد اقبال

(C) جوشؔ ملیح آبادی (D) اخترؔ شیرانی

(iii) دوسرے بند میں 'شام' کا متضاد لفظ تلاش کرکے لکھیے۔ (صرف ایک لفظ میں جواب لکھیے۔)

(iv) اقتباس میں کن کن جگہوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے۔)

(v) شام کے وقت گلیوں اور سڑکوں کا کیسا منظر ہے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے۔)

## حصّہ – ب: تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION – B : Writing Skill (25 Marks)

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** موضوع پر **250** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: **1 × 10 = 10**

(i) دنیا میں آلودگی بڑھنے کے خطرات

(ii) عالمی طاقت بننے کے لیے قومی اتحاد ضروری ہے

(iii) میرا پسندیدہ مصنف یا شاعر

6. فرض کیجیے کہ آپ کا نام شمیم ہے۔ آپ کی رہائش شیاملا ہِلز کالونی، نزدیک بھارت بھون، بھوپال-462002، میں ہے۔ اور آپ سینٹ جوزف اسکول، اَریرا ہِلز، بھوپال-462011، کی دسویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہیں۔ اب درج ذیل میں سے کوئی ایک مکتوب لکھیے: **4**

(a) پرنسپل کے نام درخواست لکھ کر ان سے دہم جماعت کی الوداعیہ تقریب کرنے کی اجازت حاصل کیجیے۔

**یا (OR)**

(b) دوست / سہیلی کو خط لکھ کر اُسے سائنس اولمپیاڈ میں شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کیجیے۔ وہ ایس۔ایچ-18، جٹّی واڑہ، میرٹھ، یو۔پی-250003 میں رہائش پذیر ہے۔

7. (a) محمد مجیب کی زندگی کے حالات اور ادبی خدمات پر **100** الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **4**

**یا (OR)**

(b) سوانح 'سرسید کا بچپن' کا خلاصہ **100** الفاظ میں تحریر کیجیے۔

8. (a) شادؔ عظیم آبادی کی زندگی اور شاعری پر **100** الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **3**

**یا (OR)**

(b) نظم 'جلوۂ دربارِ دہلی' کے مختلف منظروں کو **100** الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9. (a) افسانہ 'آئی سی ایس' کا خلاصہ یا گدڑی کا لال – نور خاں کے مرکزی کردار کے بارے میں **100** الفاظ میں لکھیے۔
**1 × 4 = 4**

**یا (OR)**

(b) دیویندر ستیار تھی کی افسانہ نگاری یا مولوی عبدالحق کی ادبی خدمات پر **100** الفاظ میں نوٹ لکھیے۔

## حصّہ – ج: عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION – C : Functional Grammar (20 Marks)

10. 'فعل' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **3 + 1 + 1 = 5**

(i) نیچے فعل کی مختلف اقسام کی تعریفیں بیان کی گئی ہیں۔ غور سے پڑھیے اور فعل کی قسم پہچان کر کالم جوڑیے:

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| (a) وہ فعل جس میں کام کا اثر صرف فاعل تک محدود ہو | (x) فعلِ مجہول |
| (b) وہ کام جو آنے والے وقت میں ہو | (y) فعلِ لازم |
| (c) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہیں ہو | (z) فعلِ مستقبل |

(ii) درج ذیل میں سے فعلِ متعدی کی درست مثال بتایئے۔ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے)

(A) کل رات کو میں جلدی سو گیا تھا۔

(B) ڈاکٹر مریض کو دیکھ رہا ہے۔

(C) جلدی جلدی کام کرو اور جاؤ۔

(D) تم گھر کب آؤ گے؟

(iii) درج ذیل میں سے فعلِ ناقص کی درست مثال بتائیے۔(نیچے دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) آج میں بہت خوش ہوں۔

(B) ثنا اپنے والد کو خط لکھ رہی ہے۔

(C) میں روز صبح ورزش کرتا ہوں۔

(D) ہم سبھی لوگ کیرم کھیلنے جا رہے ہیں۔

11. علمِ بیان اور علمِ بدیع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: 3 + 1 + 1 = 5

(i) اس شعر کو غور سے پڑھیے اور نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے:

دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے

موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے (فانؔی)

(الف) اس شعر میں متضاد الفاظ کے کتنے جوڑے آئے ہیں؟

(ب) شعر میں متضاد الفاظ استعمال کرنے سے کون سی صنعت بنتی ہے؟

(ج) مصرعۂ اوّل میں سے متضاد الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

(ii) 'کنایہ' کسے کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

(A) کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا

(B) کسی بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ کرنا

(C) کلام میں ایسے الفاظ لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں

(D) کسی بات کی من گھڑت وجہ بتانا

(iii) کلام میں کسی ایک چیز کو کسی دوسری کے مانند بتانا، کیا کہلاتا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

(A) تجنیس (B) تلمیح

(C) تشبیہ (D) تضاد

12. محاوروں اور کہاوتوں سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے: **3 + 1 + 1 = 5**

(i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

(a) ناک میں دم کرنا (b) پھوٹ پھوٹ کر رونا

(c) عیب لگانا (d) مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے

(e) اونچی دکان پھیکے پکوان

(ii) ''اونٹ کے منہ میں زیرہ'' کیا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے)

(A) محاورہ (B) کہاوت

(C) فقرہ (D) روزمرّہ

(iii) درج ذیل مکالموں پر غور کیجیے اور بتایئے کہ کس مکالمے (ڈائیلاگ) میں محاورہ استعمال ہوا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے)

پہلا سپاہی : تم اپنے جرم کا اقبال کرتی ہو؟

سلمیٰ : ہم نے کوئی جرم نہیں کیا .....

پہلا سپاہی : تم لڑائی میں شریک ہوئی ہو؟

سلمیٰ : ..... ہم نے دشمنوں کو مارا۔

(A) پہلے (B) دوسرے

(C) تیسرے (D) چوتھے

13. رموزِ اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **2 × 1 = 2**

(i) وہ نشان بنائیے جو جملہ ختم ہونے پر لگایا جاتا ہے۔

(ii) کوئی بات پوچھنے کے لیے لگائی جانے والی علامت کو کیا کہتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے)

(A) ختمہ (B) سکتہ

(C) رابطہ (D) سوالیہ

14. شعری اصطلاحات سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **2 + 1 = 3**

(i) ردیف کسے کہتے ہیں؟ درج ذیل شعر کی ردیف لکھیے:

سر میں شوق کا سودا دیکھا دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا

(ii) ایک شعر میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

## حصّہ – د: ادب (15 نمبر)

## SECTION – D : Literature (15 Marks)

15. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصّۂ نثر) **2 × 2 = 4**

(i) منگو کو دنیا کی تازہ خبریں کہاں سے ملتی تھیں؟

(ii) موتی نگر وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج بدلنے کی کیا وجہ تھی؟

(iii) سر سید نے اسلامی قانون کے مطابق عورتوں کے کیا حقوق اور اختیارات بتائے ہیں؟

(iv) مولوی عبدالحق کے مضمون کی روشنی میں بتائیے کہ 'مخلوط زبان' کسے کہتے ہیں؟

16. درج ذیل سوالات میں سے **دو** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصّۂ نظم) $2 \times 2 = 4$

(i) سوداؔ نے اپنی غزل کے قطعہ بند اشعار میں کون سی کیفیت بیان کی ہے؟

(ii) شادؔ عظیم آبادی کی غزل میں 'نایاب ہیں ہم' کا کیا مطلب ہے؟

(iii) اصغرؔ گونڈوی نے آلامِ روزگار کو آسان بنانے کا کیا طریقہ اپنایا ہے؟

(iv) زمین کے باسیوں کو خدا اور حسن کے درمیان ہونے والی بات چیت کی کیسے خبر ہوئی؟

17. درج ذیل سوالات میں سے **دو** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (گلزارِ اردو) $2 \times 2 = 4$

(i) ضلع انجینئر نے گیا کے داؤں سے بچنے کے لیے کیا چال چلی؟

(ii) کہانی 'دو فرلانگ لمبی سڑک' میں بڑے آدمی کے استقبال کا کیا منظر پیش کیا گیا ہے؟

(iii) زیبو خالہ کس بات پر سلطان کو ٹوکتی تھیں اور سلطان کو اُن کی یہ بات کیوں بری لگتی تھی؟

(iv) جگرؔ صاحب سے محمد طفیل کا تعارف کس طرح ہوا؟

18. درج ذیل میں سے کسی **ایک** صنف کے بارے میں تفصیل سے لکھیے: $1 \times 3 = 3$

(i) غزل

(ii) افسانہ

(iii) سوانح